اسلام علیکم

① میں (CA Audit Firm) سی اے آڈٹ فرم میں (Interne) انٹرن لاہور
آفس میں اور مجھے اس فرم کے اسلام آباد آفس سے آفر (offer)
ہوئی ہے (Internship) کی ادھر سے کرنے کی جس میں میرے لیے
فائدہ یہ ہے کہ مجھے اس لاہور آفس کے نسبت زیادہ پیسے ملے گے
مگر اس شرط کے ساتھ کہ مجھے بنک آف افغانستان کا آڈٹ (Audit)
کرنا ہوگا۔ جو کہ سودی بنک ہے اور اس آڈٹ (Audit) کے دوران
مجھے خطیر (Daily allowance) ڈیلی ملی گی۔ جس سے مجھے اپنے
اخراجات پورے کرنے میں مدد ملی گی۔ کیا مجھے یہ آفر (offer) قبول
کرنی چاہیے اس شرط کے ساتھ یا اس کے علاوہ۔ اور سودی بنک
کا آڈٹ (Audit) اسلامی لحاظ سے کیسا ہے۔

② اس کے علاوہ مجھے اگر باقی کمپنیاں (Companies) کے آڈٹ (Audit)
کرنا ہوں تو اس میں بھی فنانس کوسٹ (Finance cost) اور
liabilities کو چیک (Check) کرنا ہوتا ہے۔ اس کے بارے میں
بھی رہنمائی فرمائے۔ اگرچہ اس کمپنی کا کاروبار حلال ہے مگر اپنے
اخراجات کو فنانس (Finance) کرنے کیلئے سودی قرضے لیتے
ہیں۔

دار الافتاء
فتوی نمبر ۲۹/۱۴۳۷
مورخہ ________

وسلام
خلفان شاہ
موبائل نمبر 0333-9606355

(جواب منسلک ہے)

Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامداً ومصلیاً

۱۔۔۔۔۔یاد رہے کہ آڈٹ کی دو قسمیں ہیں:

۱۔بیرونی آڈٹ (External Audit)

۲۔اندرونی آڈٹ (Internal Audit)

﴿۱﴾ چونکہ سودی بینک کے بیرونی آڈٹ میں اصل ملازمت آڈٹ فرم میں ہوتی ہے، سودی بینک میں نہیں ہوتی نیز بیرونی آڈٹ کا تعلق براہ راست سودی معاملہ کی لکھت پڑھت اور اس پر گواہ بننے سے نہیں ہے بلکہ ماضی میں وقوع پذیر ہونے والے معاملات کی جانچ پڑتال سے ہے جسے براہ راست سودی معاملات کے تعاون میں داخل نہیں کہا جاسکتا لہذا کسی سودی بینک کے بیرونی آڈٹ (External Audit) کی گنجائش ہے تاہم بہتر یہ ہے کہ اس سے بھی اجتناب کیا جائے۔

﴿۲﴾ سودی بینک کے اندرونی آڈٹ میں اصل ملازمت عموماً بینک کی ہوتی ہے اور سودی بینک میں اکثر سودی معاملات سودی ہوتے ہیں لہذا سودی بینک کے اندرونی آڈٹ کی ملازمت درست نہیں، اس سے اجتناب کرنا لازم ہے۔

چنانچہ صورت مسؤلہ میں اگر آپکو بینک آف افغانستان کے بیرونی آڈٹ کی پیشکش ہوئی ہے تو فی نفسہ اس کی گنجائش ہے لیکن بہتر یہ ہے کہ اس سے بھی اجتناب کیا جائے اور اگر اندرونی آڈٹ (انٹرنل آڈٹ) کی پیشکش ہے تو یہ درست نہیں، اس سے اجتناب کرنا لازم ہے۔(ماخذہ تبویب ۱۱۷۹/۳۱)

۲۔۔۔۔اگر کسی کمپنی کا اصل کاروبار حلال ہے تو اس کمپنی کے آڈٹ کے دوران آڈیٹر کیلئے تمویلی خرچ (Finance cost) اور ذمہ داریوں (Liabilities) کی جانچ پڑتال کی گنجائش ہے اور سود کے لین دین کا گناہ کمپنی اور ان لوگوں کو ہوگا جنہوں نے وہ معاہدہ کیا یا اس حرام معاملہ میں تعاون کیا تھا۔ واللہ سبحانہ وتعالی اعلم

الجواب صحیح
بندہ محمود اشرف غفر اللہ له
۲۹/۵/۱۴۳۳ھ

مفتی

ابراہیم عیسی
دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی
۲۹ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳ھ
۲۲ اپریل ۲۰۱۲ء

دار الافتاء

الجواب صحیح
۲۹/۵/۱۴۳۳ھ

Scanned by CamScanner